3 NATIONAL
نئی دہلی، 25/ مئی 2025 اتوار
@sachkiawazdaily @sachkiawazdaily
"کثیر ثقافتی گنگا کو اک مرکز پلانے کے لیے ایک نیا سنگم بناؤں گا زمانے کے لیے"
سچ کی آواز
SACH ki AWAZ • सच की आवाज़
Published from New Delhi
میرا دیس
www.sachkiawaz.com

نیتی آیوگ کا جائزہ اجلاس توجہ ہٹانے کی کوشش

'ترقی یافتہ ہندوستان' صرف دعویٰ، حقیقت میں گھونٹا جارہا ہے اداروں کا گلا: جے رام رمیش

(پی این این)

نئی دہلی: کانگریس نے کہا ہے کہ ترقی یافتہ ہندوستان کے اہداف کی پیش رفت پر وزیراعظم نریندرمودی کی صدارت میں ہفتہ کے روز ہونے والی نیتی آیوگ کی گورننگ کونسل کی میٹنگ اس وقت بے معنی ہو جاتی ہے جب حکومت خود سماجی تانے بانے کو توڑنے اور آئینی اداروں کو تباہ کرنے میں مصروف ہو۔

پارٹی نے اس میٹنگ کو توجہ ہٹانے کی بی جے پی حکومت کی ایک اور کوشش قرار دیا ہے ۔کانگریس نے نیتی آیوگ کو اب تک کا سب سے ناکارہ ادارہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ آج جو ترقی یافتہ ہندوستان کے اہداف کی جائزہ میٹنگ منعقد کی جارہی ہے وہ ایک بار پھر حکومت کی دکھاوا اور توجہ ہٹانے کی کوشش ہے ۔کانگریس میڈیا سیل کے انچارج جے رام رمیش نے یہاں جاری پریس بیان میں کہا، " گورننگ کونسل کی میٹنگ ہورہی ہے، کہا گیا ہے کہ اس میں 'ترقی یافتہ ہندوستان' کے ہدف کی پیشرفت کا جائزہ لیا جائے گا۔

جب برسراقتدار لوگ اپنے قول وفعل سے سماجی ہم آہنگی کے تانے بانے کو توڑنے میں مصروف ہوں تو یہ کیسا ترقی یافتہ ہندوستان ہو گا۔ "بی جے پی حکومت کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ '' جب حکومت کی سہولت کے مطابق پارلیمنٹ، عدلیہ، یونیورسٹیوں، میڈیا اور آئینی اداروں کی خودمختاری کو کچل دیا گیا ہو، تو یہ کیسا ترقی یافتہ ہندوستان ہوگا۔ ہندوستان جن اقدار اور آدرشوں کے لیے مشہور ہے ، جب ان پر منظّم طریقے سے عالمی سطح پر حملہ کیا جارہا ہو، تو یہ کیسا ترقی یافتہ ہندوستان ہوگا۔ ملک کی عدم مساوات میں مسلسل اضافہ ہورہا ہو اور دولت چند لوگوں کے ہاتھوں میں مرکوز ہوتی جارہی ہو تو یہ کیسا ترقی یافتہ ہندوستان ہوگا۔مسٹر جے رام رمیش نے کہا کہ اگر ملک عظیم الشان تنوع کی جان بوجھ کر پامالی کی جائے اور اسے مٹا دیا جائے ،تو یہ کیسا ترقی یافتہ ہندوستان ہوگا۔ یہ کیسا ترقی یافتہ ہندوستان ہے جہاں نہ صرف آزادی اظہار بلکہ اظہار رائے کے بعد کی آزادی بھی خطرے میں ہے۔



سینئر لیڈر اور انچارج شعبہ مواصلات جے رام رمیش نے ہفتے کو وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں ہونے والی نیتی آیوگ کی گورننگ کونسل کی میٹنگ کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔

انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (سابق ٹوئٹر) پر سلسلہ وار پوسٹس میں حکومت کے دعووں پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ جب ملک میں جمہوری ادارے کمزور کیے جارہے ہوں، اظہار کی آزادی خطرے میں ہو، اور معاشی وسماجی ناانصافی بڑھ رہی ہو، تو ایسے میں 'ترقی یافتہ ہندوستان' کی بات صرف ایک پُرفریب نعرہ رہ جاتی ہے۔ جے رام رمیش نے لکھا،'' آج وزیراعظم کی صدارت میں نیتی آیوگ کی گورننگ کاؤنسل کی میٹنگ ہورہی ہے، جس میں 'ترقی یافتہ ہندوستان' کے ہدف کی پیش رفت کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ مگر جب حکومت خود اپنے الفاظ اور اعمال سے سماجی ہم آہنگی کے تانے بانے کو توڑنے میں مصروف ہو، تو کیسا ترقی یافتہ ہندوستان؟'' انہوں نے مزید کہا، ''جب پارلیمان، عدلیہ، یونیورسٹیوں، میڈیا اور آئینی اداروں کی خودمختاری کو حکومت کی سہولت کے مطابق روندا جا رہا ہو، تو کیسا ترقی یافتہ ہندوستان؟'' کانگریس لیڈر نے اپنی پوسٹ میں اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ ہندوستان جن اقدار اور اصولوں کے لیے عالمی سطح پر جانا جاتا رہا ہے، انہی پر ایک منظّم طریقے سے حملے ہورہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ جب دنیا کے سامنے ہندوستان کی کثرت میں وحدت، جمہوری آزادیوں اور سماجی انصاف کو نقصان پہنچایا جائے، تو یہ ترقی کی نہیں بلکہ گمراہی کی علامت ہے۔

اپوزیشن کے ساتھ بدسلوکی نہیں کی جائے گی برداشت: ہڈا

(پی این این)

چندی گڑھ: ہریانہ کے سابق وزیراعلیٰ بھوپندر سنگھ ہڈا نے ہفتہ کو کانگریس ایم ایل اے اشوک اروڑہ اور چندر پرکاش کے ساتھ بدسلوکی کی سخت مذمت کی۔ مسٹر ہڈا نے کہا کہ عوام کے ذریعہ منتخب کردہ اپوزیشن ایم ایل ایز کی توہین برداشت نہیں کی جائے گی۔

بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے کارکنوں نے سابق وزیر اور سینئر ایم ایل اے اشوک اروڑہ کے ساتھ کروکشیتر میں جو غنڈہ گردی کی وہ سب نے دیکھی۔ یہ کسی ایک ایم ایل اے پر نہیں بلکہ جمہوریت اور آئینی اصولوں پر حملہ ہے ۔ میونسپل کونسل ہاؤس میٹنگ میں حکومت نے خود گائیڈ لائنز جاری کی تھیں کہ کوئی باہر کا عنصر حصہ نہ لے۔

لیکن کونسلروں کے علاوہ بی جے پی کے کئی کارکن بھی ایوان میں بیٹھے ہوئے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ وہ معزز اراکین اسمبلی کے ساتھ بدتمیزی کرنے کی نیت سے میٹنگ میں آئے تھے ۔کانگریس ایسے لوگوں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کرتی ہے ۔ان لوگوں کی جلد از جلد نشاندہی کر کے سخت کارروائی کی جانی چاہئے ۔انہوں نے کہا کہ اسی طرح کا غیر مہذب رویہ بی جے پی لیڈروں نے آدم پور کے ایم ایل اے چندر پرکاش کے ساتھ گریونس میٹنگ میں کر کے میٹنگ کے وقار کو نقصان پہنچایا۔

وزیر کی موجودگی میں عوامی نمائندے کی بے عزتی جمہوریت کو نقصان پہنچانے سے کم نہیں۔ کیونکہ شکایتی میٹنگ عام لوگوں کے مسائل سننے اور ان کا حل تلاش کرنے کا پلیٹ فارم ہے ۔اسے سیاسی میدان بنانا عوام کے مفادات سے کھیلنے کے مترادف ہے ۔ایسا لگتا ہے کہ حکومت نے شکایات میٹنگ کو بی جے پی کی میٹنگ میں تبدیل کر دیا ہے لیکن بی جے پی کی اس آمریت کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔

مان نے مرکز پر لگایا پنجاب کے ساتھ سوتیلا سلوک کا الزام

(پی این این)

نئی دہلی: مرکزی حکومت پر پنجاب کے ساتھ سوتیلا سلوک کرنے کا الزام لگاتے ہوئے پنجاب کے وزیراعلیٰ بھگونت سنگھ مان نے ہفتہ کو یہاں کہا کہ کسی بھی ریاست کے ساتھ اس طرح کا متعصّبانہ اور امتیازی سلوک غیر منصفانہ اور ناپسندیدہ ہے۔

مان نے یہاں نیتی آیوگ کی گورننگ کونسل کی 10ویں میٹنگ میں حصہ لیتے ہوئے ریاست سے متعلق اہم مسائل اٹھائے اور اس بات کا اعادہ کیا کہ پنجاب کے پاس کسی بھی ریاست کے لیے اضافی پانی نہیں ہے ۔ریاست میں پانی کی نازک صورتحال کے پیش نظر ستلج یمنا لنک (ایس وائی ایل) نہر کے بجائے یمنا-ستلج-لنک (وائی ایس ایل) نہر کی تعمیر کے خیال پر زور دیتے ہوئے مسٹر مان نے کہا کہ دریائے راوی، بیاس اور ستلج میں پہلے ہی پانی کم ہے اور اضافی پانی کو کم بیسن علاقوں میں موڑ دیا جانا چاہئے ۔انہوں نے کہا کہ پنجاب نے یمنا کے پانی کی تقسیم کے لیے مذاکرات میں شامل کئے جانے کی بارہا درخواست کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 12 مارچ 1954 کو اس وقت کے پنجاب اور اتر پردیش کے درمیان یمنا-ستلج-لنک پروجیکٹ کے لیے ایک معاہدہ ہوا تھا، جس کے تحت اس وقت کے پنجاب کو یمنا کے دوتہائی پانی پر حق ملا تھا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس معاہدے میں یمنا کے

پانی سے سیراب ہونے والے کسی مخصوص علاقے کی وضاحت نہیں کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ تنظیم نو سے پہلے راوی اور بیاس کی طرح یمنا ندی بھی اس وقت کی ریاست پنجاب سے ہوکر بہتی تھی۔ تاہم، انہوں نے افسوس کا اظہار کیا۔

دہشت گردی کے خلاف متحد ہے ہندوستان: سلمان خورشید

(پی این این)

نئی دہلی/ٹوکیو: ٹوکیو میں آل پارٹی وفد کے ممبر اور کانگریس لیڈر سلمان خورشید نے کہا کہ اگرچہ سیاسی پارٹیاں اپنے ملک میں ایک دوسرے کے خلاف برسرپیکار ہوتی ہیں، لیکن بین الاقوامی سطح پر وہ سب متحد نظر آتی ہیں۔ خورشید نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف ہندوستان کے اتحاد کو جاپان میں خوب سراہا گیا۔انہوں نے کہا کہ یہاں ایک اہم پیغام یہ ہے کہ ہم مختلف سیاسی جماعتوں سے آتے ہیں۔ ہم اپنے ملک میں شدت سے بحث کرتے ہیں، لیکن جب بات ہندوستان کی ہوتی ہے اور دہشتگردی کے خلاف ہندوستان کے اہم پیغام کی ہوتی ہے، تو ہم سب یہاں متحد ہوجاتے ہیں۔ مجھے لگتا ہے کہ اسے یہاں بہت سراہا گیا اور امید ہے کہ ایک ملک سے دوسرے ملک جانے پر بھی یہی صورتحال رہے گی۔خورشید نے جاپان میں آل پارٹی وفد کو ملی حمایت پر اطمینان ظاہر کیا اور کہا کہ دہشتگردی کے خلاف ہندوستان کے مؤقف کو فطری حمایت ملی۔ خورشید نے کہا کہ یہ ایک نہایت اطمینان بخش اور شاندار دورہ رہا۔ ہم بہت پرجوش ہیں کہ لوگوں نے دہشتگردی کے خلاف ہندوستان کے مؤقف کے لیے بھرپور حمایت کا مظاہرہ کیا۔ یہاں دہشتگردی کی ہر شکل کے خلاف مکمل اتفاق ہے اور پہلگام میں جو نقصان ہوا، اس پر خاص ہمدردی ظاہر کی گئی۔حکومت اور اپوزیشن دونوں جماعتوں کے اراکین پر مشتمل یہ وفد جاپان میں مقیم ہندوستانی برادری کے ساتھ مل کر دہشتگردی سے پیدا ہونے والے خطرات پر بیداری پیدا کرنے کے لیے گفتگو کررہا ہے۔خورشید نے بتایا کہ وفد کے ساتھ ہونے والی ملاقاتوں میں جاپان نے دہشتگردی پر ہندوستان کے مؤقف کی حمایت کی۔

انہوں نے کہا،"ہم نے آپریشن سندور کو معطل کرنے کا اعلان کیا ہے، لیکن ہم نے مستقبل کے لیے کچھ پیغامات دیے ہیں اور جاپان جیسے ممالک کے لیے ہمارا ہر طرح سے ساتھ دینا اہم ہوگا۔ جاپان نے دہشتگردی پر ہمارے مؤقف کی کھلے دل سے حمایت کی۔ ہم نے نہایت مضبوط شواہد پیش کیے جو دستیاب تھے۔ " خورشید، منجے کمار جھا کی قیادت میں جاپان آئے وفد کا حصہ ہیں جو دہشتگردی کے خلاف ہندوستان کی عالمی مہم کے تحت دیگر مشرقی ایشیائی ممالک کا بھی دورہ کرے گا۔ وفد کے دیگر ممبران میں بی جے پی کی رکن پارلیمان اپراجیتا سارنگی، برج لال، پردھان باروا، ہمنگ جوشی، سی پی آئی-ایم کے جان بریٹاس، اے آئی ٹی سی کے ابھیشیک بنرجی اور سفیر موہن کمار شامل ہیں۔ آل پارٹی وفد کا جاپان کا یہ دورہ دہشتگردی سے نمٹنے پر ہندوستان کی قومی یکجہتی کی عکاسی کرتا ہے۔

ای ڈی نے کیا منی لانڈرنگ کیس میں دو لوگوں کو گرفتار

کولکاتہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) نے ایل ایف ایس بروکنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کے مبینہ منی لانڈرنگ کیس کی تحقیقات کے سلسلے میں دو ملزمین دیلپ کمار یتی اور محمد انور الاسلام کو گرفتار کیا اور انسداد منی لانڈرنگ ایکٹ 2002 کے تحت ان کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد ضبط کرلی۔ وفاقی ایجنسی کے ذرائع نے بتایا کہ اس کے کولکاتہ زونل آفس نے ایل ایف ایس بروکنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کے مختلف احاطوں میں تلاشی لی اور اس کے ڈائریکٹرز اور ساتھیوں کے خلاف سرچ آپریشن کے دوران 118 بینک اکاؤنٹس اور کروڑوں روپے مالیت کی 63 غیر منقولہ جائیدادوں کو منجمد کردیا گیا ہے۔

فوجی کو بچاتے ہوئے فوجی اہلکار کی موت

(پی این این)

گنگٹوک: سکم اسکاؤٹس کے لیفٹیننٹ ششانک تیواری نے 22 مئی کو شمالی سکم میں آپریشنل ٹاسک کے دوران اپنے ساتھی سپاہی کو بچاتے ہوئے اپنی جان کی قربانی دے دی۔ محکمہ دفاع نے ایک ریلیز میں بتایا کہ چھ ماہ سے بھی کم عرصہ قبل 14 دسمبر 2024 کو کمیشن حاصل کرنے والا 23 سالہ افسر، سکم میں ٹیکٹیکل آپریٹنگ بیس (ٹی او بی) کی طرف روٹ اوپننگ گشت کی قیادت کررہا تھا۔صبح تقریبا 11 بجے، سپاہی اسٹیفن سبا کا پاؤں لاگ پل کو پار کرتے ہوئے پھسل گیا اور پہاڑی ندی کی رو میں بہہ گیا۔ حاضر دماغی اور اپنی ٹیم کے ساتھ پختہ وابستگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے، لیفٹیننٹ ششانک تیواری نے ایک لمحے کی ہچکچاہٹ کے بغیر، سپاہی کو بچانے کے لیے پانی میں چھلانگ لگا دی، جب کہ دوسرے سپاہی، نائک پوکرکنیل نے بھی فوری طور پر کود پڑے ۔ریلیز میں کہا گیا ہے، "وہ دونوں مل کر ڈوبتے ہوئے سپاہی کو بچانے میں کامیاب ہو گئے ۔ تاہم، لیفٹیننٹ تیواری پانی کی طغیانی میں بہہ گئے ۔ ان کی ٹیم کی بے حد کوششوں کے باوجود انہیں بچایا نہیں جاسکا، اور صبح 11:30 بجے ان کی لاش 800 میٹر کے فاصلے سے برآمد کی گئی۔

ٹیکسوں میں ریاستوں کا حصہ بڑھا کر کیا جائے 50 فیصد: اسٹالن



(پی این این)

چنئی: تمل ناڈو کے وزیراعلیٰ ایم کے اسٹالن نے ہفتے کے روز نئی دہلی میں نیتی آیوگ کی گورننگ کونسل کے اجلاس کے دوران مرکز سے مطالبہ کیا کہ مرکزی محصولات (ٹیکسوں) میں ریاستوں کا حصہ بڑھا کر 50 فیصد کیا جائے۔

وزیراعلیٰ اسٹالن نے اپنی تقریر میں کہا کہ تمل ناڈو جیسے ریاستوں کو وعدہ کیے گئے 41 فیصد حصے کے بجائے فی الحال صرف 33.16 فیصد ہی فراہم کیا جارہا ہے، جو کہ انصاف کے اصولوں کے منافی ہے۔انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر کہا: "ہمیں اس وقت وعدہ کیے گئے 41 فیصد مرکزی ٹیکس حصے کے مقابلے میں صرف 33.16 فیصد ہی مل رہا ہے، جو کہ ریاستوں کے ساتھ ناانصافی ہے۔ ایم کے اسٹالن نے امرت 2.0 کی طرز پر ایک علیحدہ شہری تبدیلی مشن شروع کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ تمل ناڈو ملک کی سب سے زیادہ شہری آبادی رکھنے والی ریاست ہے، لہٰذا اس کے لیے شہری ترقیات کے لیے ایک مخصوص اور مکمل مشن ناگزیر ہے۔وزیراعلیٰ نے مرکز پر زور دیا کہ وہ ریاستوں کے مالیاتی حقوق کا احترام کرے اور ترقی کے سفر میں انہیں مساوی حصہ دار بنائے۔انہوں نے کہا کہ ترقی صرف مرکز کی کوششوں سے ممکن نہیں، جب تک ریاستیں مضبوط نہ ہوں، ملک مضبوط نہیں ہوسکتا۔ دوسری طرف تمل ناڈو کے نائب وزیراعلیٰ ادئیندھی اسٹالن نے ہفتے کے روز کہا کہ دراوڑ منیترا کڑگم نہ تو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ سے ڈرتی ہے اور نہ ہی وزیر اعظم نریندر مودی کے چھاپوں سے، اور پارٹی تمام قانونی معاملات کا سامنا پوری ہمت اور وقار سے کرے گی۔ڈی ایم کے یوتھ ونگ کے سیکریٹری ادئیندھی اسٹالن نے کہا کہ ان کی جماعت ریاست کے حقوق کے لیے آواز اٹھاتی رہے گی اور کسی بھی قسم کی دھمکی سے مرعوب نہیں ہوگی۔

افسران بن جائیں گے تو معاشرہ میں پیدا ہوگا انقلاب: ابوعاصم اعظمی

ممبئی: مانخورد شیواجی نگر حلقہ کے رکن اسمبلی اور سماج وادی پارٹی کے ریاستی صدر ابوعاصم اعظمی کی طرف سے سٹی بینکوٹ ہال، گوونڈی، ممبئی میں طلبا کے لئے ایک اعشاری پروگرام منعقد کیا گیا جس میں مانخورد نگر اسمبلی حلقہ کے 10 ویں اور 12 ویں جماعت میں نمایاں ومتاز کامیابی حاصل کرنے والے ہونہار طلباء کو لیپ ٹاپ اور ٹیبلیٹ تحفے میں دیے گئے ۔ اس موقع پر سمیر احمد صدیقی (آئی اے ایس) مہمان خصوصی کے طور پر موجود تھے اور مانخورد شیواجی نگر کے طلباء کو مستقبل کی رہنمائی دی۔اس موقع پر ابوعاصم اعظمی نے طلباء کی رہنمائی کرتے ہوئے کہا ۸ یا ۱۰ ایم ایل اے بننا کوئی بڑی بات نہیں ہے، ۸ یا ۱۰ اچھے آئی اے ایس منتخب ہوئے تو ایک بہتر معاشرہ کی نشوونما ہو اور انقلابی تبدیلی رونما ہوگی اسی سے ایک بہتر معاشرہ تشکیل پائے گا اس موقع پر 40 ہونہار طلباء کو ٹیبلٹ، 4 طلباء کو لیپ ٹاپ دیئے گئے، امتحان میں 100 فیصد نمبر حاصل کرنے والوں کو ٹرافیاں اور سرٹیفکیٹ تفویض کئے گئے اور جن والدہ نے اپنے بچوں کو اس قابل بنایا ان محنتی خواتین کو بھی تحائف دیئے گئے ۔اس کے علاوہ پروگرام میں اعظم گڑھ میں سب سے زیادہ 99.4 فیصد کے ساتھ دسویں جماعت میں کامیابی حاصل کرنے والی حضرہ مجید بچپا کو لیپ ٹاپ دے کر خصوصی اعزاز سے نوازا گیا۔اس موقع پر سماج وادی پارٹی کی ریاستی جنرل سکریٹری زیبا ملک، کارپوریٹر رخسانہ صدیقی، عائشہ رفیق شیخ، عرفان خان، فہد اعظمی، تعلقہ صدر غیاث الدین شیخ اور پکشا چھابا، مختلف عہدیداروں کے ساتھ ساتھ شعبہ کے طلبہ اور ان کے والدین کی بڑی تعداد موجود تھی۔

مختصر ☆ مختصر

تجاوزات ہٹانے پہنچی ٹیم پر ترشول سے حملہ

گونا: مدھیہ پردیش کے گونا ضلع میں آج تجاوزات ہٹانے پہنچی ریونیو اور پولیس ٹیم پر ترشول سے حملہ کر کے تھانہ انچارج کو زخمی کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق، جانمیر تھانہ کے تحت مدھوسودن گڑھ قصبے میں دوپہر کے وقت ریونیو اور پولیس کی ٹیم تجاوزات ہٹانے پہنچی تھی، جہاں لیکھ راج کشواہا نامی شخص نے ترشول سے حملہ کر دیا جس میں تھانہ انچارج سریش کشواہا زخمی ہو گئے ۔حملہ آور کو گرفتار کر کے اس کے خلاف سنگین دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق، ضلعی انتظامیہ کی ہدایت پر مدھوسودن گڑھ-بھوپال روڈ پر مجوزہ بس اسٹینڈ کے لیے 8 بیگھہ سرکاری زمین سے تجاوزات ہٹانے کی کارروائی کی جارہی تھی۔ کارروائی کے دوران لیکھ راج کشواہا اور اس کے اہل خانہ نے احتجاج کرتے ہوئے ہنگامہ کھڑا کر دیا۔

گرودیو منڈل پولس کے ساتھ مڈبھیڑ میں ہلاک

بھاگلپور: بہار میں ضلع بھاگلپور کے رنگرا تھانہ علاقے میں پولس اور جرائم پیشہ افراد کے درمیان مڈبھیڑ میں بدنام زمانہ مجرم گرودیو منڈل عرف فوفا ہلاک ہوگیا۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس (ایس ٹی ایف) وویکانند نے ہفتہ کے روز یہاں بتایا کہ جمعہ کی دیرات ایس ٹی ایف کو اطلاع ملی تھی کہ گرودیو منڈل اپنے گینگ کے ارکان کے ساتھ مرلی شیشوال دھر دیارہ آئے ہیں۔ اس اطلاع کی بنیاد پر ایس ٹی ایف اور نوگچھیا کی پولیس کی مشترکہ ٹیم نے مذکورہ مقام پر چھاپہ مارا۔ پولس کو دیکھتے ہی ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی۔ جوابی کارروائی میں پولس نے بھی فائرنگ کی جس سے گرودیو منڈل مارا گیا، جب کہ اس کے دیگر ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار ہوگئے ۔ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس نے بتایا کہ مقتول بدنام زمانہ مجرم کے پاس سے ایک کاربائن، دیسی ساختہ پستول اور کچھ کارتوس برآمد ہوئے ہیں۔

مودی کی قیادت میں ترقی یافتہ راجستھان کا عزم بن رہا ہے حقیقت: بھجن لال

(پی این این)

نئی دہلی/جے پور: راجستھان کے وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما نے ہفتہ کو نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں نیتی آیوگ کی گورننگ کونسل کی 10 ویں میٹنگ میں شرکت کی۔ میٹنگ میں مسٹر شرما نے ترقی یافتہ راجستھان کی عزم کو پورا کرنے کے لیے کی جانے والی کوششوں پر تفصیل سے بات چیت کی اور ریاست میں پانی اور توانائی کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے مرکزی حکومت سے مزید تعاون کی درخواست کی۔ میٹنگ میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہماری حکومت ترقی یافتہ راجستھان کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے ہر پہلو پر تیزی سے کام کر رہی ہے۔اس سمت میں، اقتصادی خوشحالی، پائیدار ترقی اور جامع پیش رفت کو مرکز میں رکھتے ہوئے، نیتی آیوگ کے رہنما خطوط کے مطابق 'ترقی یافتہ راجستھان 2047' @ وژن دستاویز تیار کیا جارہا ہے۔ راجل سیتو لنک پروجیکٹ اور یمنا آبی معاہدے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے وزیراعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ آبی پروجیکٹ ترقی یافتہ راجستھان کے عزم کو عملی جامہ پہنانے میں اہم رول ادا کریں گے ۔ مسٹر شرما نے کہا کہ ترقی یافتہ راجستھان کی راہ پر آگے بڑھنے کے لیے ریاست میں سرمایہ کاری بہت ضروری ہے۔ اس کے لیے ہماری حکومت نے اپنے دور اقتدار کے پہلے ہی سال میں رائزنگ راجستھان گلوبل انویسٹمنٹ سمٹ کا کامیابی سے انعقاد کیا ہے اور اسے 35 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی تجاویز موصول ہوئی ہیں۔

یوپی ایس سی، سی ایس ای کی مفت کوچنگ

حیدرآباد: ایم ایس آئی اے ایس اکیڈیمی نے یوپی ایس سی، سی ایس ای 2025-26 کی تیاری کرنے والے امیدواروں کے لئے اپن نویں بیچ کے آغاز کا اعلان کیا ہے۔اس بیچ میں داخلے کے لئے اسکریننگ ٹسٹ 22 جون کو منعقد کیا جائے گا، جبکہ درخواست داخل کروانے کی آخری تاریخ 18 جون مقرر کی گئی ہے۔اس کے ساتھ ہی ادارہ یوپی ایس سی، سی ایس ای کیلئے مینس کوچنگ پروگرام بھی شروع کررہا ہے، جوکہ پری لمنری امتحان کے فوراً بعد، یعنی 25 مئی 2025 کے بعد شروع ہوگا۔ایسے امیدوار جنہوں نے یوپی ایس سی سی ایس ای مینس میں شرکت کی ہے، وہ بغیر کسی داخلہ امتحان کے اس پروگرام میں شامل ہوسکتے ہیں۔ایم ایس آئی اے ایس اکیڈیمی کی جانب سے امیدواروں کو مفت اعلیٰ معیاری کوچنگ، رہنمائی، اور جدید سہولیات فراہم کی جاتی ہے تاکہ وہ مستقبل کے سیول سرونٹس کے طور پر تیار ہوسکیں۔ایم ایس آئی اے ایس اکیڈیمی کے نویں بیچ کے لیے داخلہ امتحان کی اہم تاریخیں اس طرح ہیں: درخواست کی آخری تاریخ 18 جون، ایڈمٹ کارڈ 19 جون کو جاری ہوگا، اسکریننگ ٹسٹ 22 جون کو ملک کے 80 مراکز پر منعقد ہوگا، اس امتحان کے نتائج کا 4 جولائی کو اعلان کیا جائے گا، ایسے امیدوار جو اسکریننگ ٹسٹ میں کامیاب قرار پائیں گے ان کے لئے میرٹ کی بنیاد پر مضمون نویسی امتحان اور انٹرویو 13-12 جولائی (دہلی) اور 20-19 جولائی (حیدرآباد) میں ہوں گے، اور اس کے حتمی نتائج کا اعلان 23 جولائی کو کیا جائے گا۔اس طرح یوپی ایس سی سیول سرویسس کوچنگ کے لئے منتخب کردہ نویں بیچ کی کلاسس کا آغاز 6 اگست 2025 سے ہوگا۔درخواست دینے کے خواہش مند امیدوار www.mseducationacademy.in پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ رابطے کے لیے فون نمبر 9154143322 پر صبح 9 بجے سے شام 7 بجے تک فون کیا جا سکتا ہے۔

کشتواڑ کے چھاترو میں تیسرے روز بھی آپریشن جاری

(پی این این)

جموں: جموں وکشمیر کے ضلع کشتواڑ کے دور افتادہ اور گھنے جنگلات سے گھرے چھاترو علاقے میں دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی وسیع پیمانے پر کارروائی تیسرے روز بھی مسلسل جاری ہے ۔اس طویل آپریشن میں دہشت گردوں کی تلاش کے لیے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لایا جارہا ہے ۔ذرائع کے مطابق، فوج اور دیگر فورسز نے علاقے میں مشتبہ دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع ملنے کے بعد جمعرات کی صبح آپریشن کا آغاز کیا تھا۔ ابتدائی طور پر دو سے تین دہیہات کو گھیرے میں لیا گیا، تاہم وقت کے ساتھ دہشت گردوں کے فرار ہونے کے خطرے کے پیش نظر آپریشن کا دائرہ وسیع کردیا گیا ہے۔فوجی حکام کے مطابق، دہشت گرد ممکنہ طور پر تین سے چار کی تعداد میں ہیں جو چھاترو کے آس پاس واقع گھنے جنگلات اور غاروں میں چھپے ہوئے ہیں۔ ان جنگلات میں قدرتی گھپائیں، دشوار گزار راستے اور بلند و بالا چٹانیں موجود ہیں، جو دہشت گردوں کے لیے محفوظ پناہ گاہیں ثابت ہوسکتی ہیں۔اسی بنا پر فورسز نہایت احتیاط اور مستعدی کے ساتھ قدم بہ قدم آگے بڑھ رہی ہیں۔ذرائع نے بتایا کہ دہشت گردوں کی موجودگی کی درست نشاندہی اور ان کی نقل وحرکت پر نظر رکھنے کے لیے ڈرون، تھرمل امیجنگ آلات، ہائی ٹیک سنسرز، اور سراغ رساں کتوں کو استعمال میں لایا جارہا ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ پیرا کمانڈوز کو بھی حساس مقامات پر تعینات کیا گیا ہے جو جنگلات میں انتہائی پیشہ ورانہ انداز میں آپریشن چلا رہے ہیں۔حکام کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں کے فرار کے تمام ممکنہ راستے مکمل طور پر سیل کردیے گئے ہیں اور علاقے میں داخل ہونے یا باہر جانے والے تمام راستوں پر کڑی نگرانی کی جارہی ہے۔فوج، سی آر پی ایف، اور مقامی پولیس کی مشترکہ ٹیمیں زمین پر انتہائی چوکسی سے تعینات ہیں۔اس آپریشن میں ایک فوجی جوان سندیپ شہید ہوگیا، جو جنگلاتی علاقے میں تلاشی مہم کے دوران دہشت گردوں کی گولیوں کا نشانہ بنا۔فوجی ذرائع کے مطابق، شہید جوان کو مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ خراج عقیدت پیش کیا گیا ہے۔

گھوڑے کے ساتھ جنسی زیادتی، مقدمہ درج

ممبئی: مہاراشٹر کے ناگپور ضلع میں ایک رائیڈنگ اکیڈمی میں گھوڑے کے ساتھ جنسی زیادتی کے الزام میں پولیس نے 30 سالہ شخص کے خلاف ایف آئی آر درج کی ہے۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ 17 مئی کو گٹی کھدان علاقے میں ناگپور ڈسٹرکٹ ایکوسٹرین ایسوسی ایشن کے احاطے میں رات کے وقت پیش آیا۔ ڈیوٹی پر موجود ایک سکیورٹی گارڈ نے ملزم کو احاطے میں داخل ہوتے دیکھا اور بعد میں اس نے پایا کہ اس شخص نے گھوڑے میں سے ایک کے ساتھ مبینہ طور پر جنسی زیادتی کی۔

مضامین وادبی تخلیقات مندرجہ ذیل پتے/ای میل پر بھیجیں۔
اشتہارات کیلئے درج ذیل فون نمبر پر رابطہ کریں۔
Tel:011-41424238
Mob:9910336442/ 9650577616
Email:pnnawazurdu@gmail.com
Add:Probitas News Network
G-72/2, 3rd Floor, 301, Jasola
Kalindi Kunj Road, New Delhi-110025

شمال مشرقی ریلوے
ڈپٹی چیف میکینکل انجینئر/مرمت، چیف ورکشاپ منیجر، میکینکل ورکشاپ، گورکھپور، صدر جمہوریہ ہند کی جانب سے درج ذیل کام کے لیے آن لائن موڈ (ای-ٹینڈرنگ) کے ذریعے کھلے ای-ٹینڈر کو مدعو کرتے ہیں۔نمبر۔1 ای ٹینڈر نوٹس نمبر اور ٹینڈر کے کام کی تفصیلات: ٹینڈر نمبر: 10" - "GKP-MWS-2025"LHB26"وہیل سیٹ اور بریک ڈسک کی صفائی کے ذریعے زنگ کو ہٹانا اور LHB وہیل سیٹ کی بریک ڈسک کی صفائی اور ICF/Esetchanical Gobshop کے ایکسل کی صفائی " لاگت (میں): 30,60,223.68؛ بیانہ رقم جمع (میں): 61,200/-؛ ٹینڈر کی آخری تاریخ اور مدت: 11:00 بجے، 14.06.2025؛ ٹینڈر فارم کی قیمت: کوئی نہیں۔معاہدے کی مدت: 12 ماہ۔مذکورہ ای-ٹینڈرز کی مکمل تفصیلات اور ٹینڈر میں حصہ لینے کے لیے، براہ کرم انڈین ریلویز کی ویب سائٹ نمبر http://www.ireps.gov.in// پر جائیں۔
ڈپٹی چیف/مکینیکل انجینئر/مرمت افسر
مجاہدھی/مکینیکل-28 گورکھپور
ٹرینوں میں بیڑی/سگریٹ نہ پیئیں